# کردار

| | | | |
|---|---|---|---|
| مرکزی | | ثانوی | |
| 1- بگّو بندر والا | (60 سالہ آدمی) | 1- چھمکی کا باپ | (60 سالہ آدمی) |
| 2- بانو | (35 سالہ عورت) | 2- منا (رحیمو کا بیٹا) | (دو سالہ بچہ) |
| 3- نیامت | (60 سالہ عورت) | 3- جنتے | (40 سالہ عورت) |
| 4- رحیمو | (35 سالہ مرد) | 4- جنتے کا بیٹا | (ایک سالہ بچہ) |
| 5- چھمکی | (20 سالہ لڑکی) | 5- ایک مرد | |
| | | 6- دوسرا مرد | |
| | | 7- تیسرا مرد | |

# لوکیشنز

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1 | بگّو کی جھونپڑی | -7 | ہوٹل (کھوکھا) |
| -2 | رحیمو کی جھونپڑی | -8 | میدان |
| -3 | چھمکی کی جھونپڑی | -9 | بستی |
| -4 | سڑک | -10 | سڑک |
| -5 | ساحل سمندر | -11 | پارکنگ لاٹ |
| -6 | پارک | -12 | سگنل |

# منظر:4

وقت : دن
جگہ : پارکنگ ایریا
کردار : نیامت، ایک عورت

..........................

نیامت پارکنگ ایریا میں ایک گاڑی کی طرف بڑھتی عورت جس کے ہاتھ میں شاپر ہیں کے سامنے ہاتھ جوڑے منت سماجت کرتے ہوئے چل رہی ہے۔ مگر وہ عورت اُسے جھڑک رہی ہے۔ نیامت پھر بھی ساتھ چل رہی ہے۔ وہ عورت اپنی گاڑی کے پاس پہنچ کر نیامت کو پھر جھڑکتی ہے۔ اُس کا ڈرائیور دروازہ کھولتا ہے وہ اندر بیٹھتی ہے۔ ڈرائیور بھی نیامت کو جھڑکتے ہوئے اپنی سیٹ پر بیٹھ جاتا ہے۔ نیامت اب بھی کھڑکی کے ساتھ چپکی ہوئی ہاتھ جوڑ کر بھیک مانگ رہی ہے۔ ڈرائیور زن سے گاڑی پارکنگ ایریا سے لے جاتا ہے۔ نیامت ایک لمحے کے لئے کھڑی رہتی ہے پھر ایک دوسری گاڑی کی طرف بھاگتی ہے جس کی ڈرائیونگ سیٹ پر ایک ادھیڑ عمر مرد بیٹھ رہا ہے۔ گاڑی چل رہی ہوتی ہے جب وہ شیشہ بجاتے ہوئے ساتھ بھاگنے لگتی ہے مرد ایک نوٹ تھوڑے سے کھلے ہوئے شیشے سے باہر نکالتے ہوئے چلتی گاڑی سے اُسے پکڑانے کی کوشش کرتا ہے۔ نیامت اُسے پکڑنے میں ناکام رہتی ہے نوٹ ہوا میں اُڑتا ہوا باہر گرتا اور گاڑی تیز رفتاری سے گزر جاتی ہے۔ زمین پر گرنے کے بعد بھی نوٹ کچھ دیر ہوا سے زمین پر لڑھکتا رہتا ہے۔ نیامت بھاگتے ہوئے نوٹ کے پیچھے جاتی اور بالآخر جھپٹ کر دو تین کوششوں کے بعد اُسے پکڑنے میں کامیاب ہو جاتی ہے۔ اُس کے چہرے پر ایک فاتحانہ مسکراہٹ آتی ہے وہ نوٹ کو میلی چادر کے پلو سے باندھ لیتی ہے۔

// Cut //



# منظر:5

وقت : رات
جگہ : جھونپڑی (بگو کے گھر کا صحن اور برآمدہ)
کردار : بگو، نیامت

..........................

ایک ٹوٹی پھوٹی جھونپڑی کے باہر چھوٹے سے صحن میں دیوار کے ساتھ مٹی کے ایک چولہے پر بگو ایک اُپلا جلانے میں مصروف ہے وہ لنگی پہنے ہوئے زمین پر چولہے کے پاس پاؤں کے بل بیٹھا ہوا ہے۔ چمٹے کے ساتھ وہ اُپلے کو اُلٹ پلٹ رہا ہے تاکہ وہ اچھی طرح جل جائے۔ حقے کی ٹوپی اُس کے پاس زمین پر دھری ہے کچھ دیر میں وہ اُپلے کے ٹکڑے کر کے اُسے ٹوپی میں رکھ کر ٹوپی اُٹھا کر جھونپڑی کے آگے چھپر میں پڑی ایک چارپائی پر آ کر بیٹھ جاتا ہے۔ حقے میں ٹوپی رکھ کر وہ حقے کی لے کو ہاتھ میں لے کر ہونٹوں میں رکھتا ہے اور کش لگانے لگتا ہے۔ چھپر میں بجلی کا ایک بلب جل رہا ہے۔ تبھی جھونپڑی کے اندر سے نیامت باہر نکلتی ہے۔

نیامت: دیخ کیا وقت ہو گیا ہے پر تیری ہوتی سوتی نہ آئی۔

بگو آرام سے حقہ پیتے ہوئے کہتا ہے۔

بگو : آ جاوے گی...... آ جاوے گی ...... تیرے کو کیا پھکر ہے؟

اُس کے پاس چارپائی پر

نیامت: آج آوے گی...... کل آوے

بیٹھتی ہے۔

گی ...... پرسوں نہیں آوے گی ...... بتارئی ہوں میں تیرے کو ...... پھر نہ کہنا نیامت نے جبان بند رکھی ...... عقل نہ دی۔

حقے کی نے منہ سے نکالتے ہوئے جھڑکتا ہے۔

بگّو: جبان بند ہی رکھ تو بہتر ہے ...... تیری عقل کو کیا سمجھے ہے بگّو ...... ایک بچہ تک تو پیدا کر نہ سکی تو ...... اور چلی ہے بگّو کو عقل سکھانے۔

غصے میں آ جاتی ہے

نیامت: نیامت ایک بچہ پیدا نہ کر سکی ہے تو اُس نے کیا دس پیدا کر دیئے ......

دوبارہ حقہ پینے لگتا ہے

بگّو: چل بڑ بڑ نہ کر ...... عورت جات ہی رجیل (رذیل) ہے ...... نہ تیرے سے کوئی پھائدہ ہوا ...... نہ اُس سے ...... دونوں بانجھ ...... دونوں بنجر ...... میری تو قسمت ہی کھراب تھی جو تم دونوں کو کھریدا۔

نیامت: جب دونوں بانجھ ہووے ہیں تو اُس کو کیوں سر پہ اُٹھائے پھرتا ہے ......

غصے سے جھڑکتا ہے۔

بگّو: تو تجھ کو سر پہ اُٹھا کر پھیروں؟

نیامت: دیکھ لینا بگّو ایک روج



سر پکڑ کر روئے گا تو ...... یہ جو بانو ہے نا بانو ...... یہ اب نہیں رہنے والی تیرے ساتھ

بگّو غصے میں آ کر حقہ اُٹھا کر دور پھینکتا ہے اور اُٹھ کر کھڑا ہو کر اُس پر چلاتا ہے۔

بگّو: وہ بھی بھاگے ...... اور تو بھی جا ...... میری جان چھوڑ ...... گلطی ہوئی جو آ گیا یہاں ......

وہ تیز قدموں سے اپنے احاطے کے دروازے سے باہر نکل جاتا ہے۔ نیامت غصے میں پاؤں پٹختی اُس کے پیچھے دروازے میں آ کر چلاتی ہے۔

نیامت: کیسے تڑفے (تڑپے) ہے اُس کے لئے ...... اُس کے بارے میں کوئی کچھ نہ کہئے ...... 60 سال کی عمر کی عمر میں بھی مجنوں بن کے پھرتا ہے اُس کے پیچھے ...... اُس چڑیل ...... اُس بدجات کے پیچھے

نیامت کا سانس پھول رہا ہے وہ کھانسنے لگتی ہے۔

// Cut //

# منظر: 6

وقت : رات
جگہ : پارک
کردار : بانو، رحیمو

..................................

بانو اور رحیمو لکڑی کے بنچ پر بیٹھے ہوئے ہیں پارک میں لائٹس روشن ہیں ۔ وہ دونوں لکڑی کے بنچ پر پاؤں اونچے کئے بیٹھے ہیں۔ دونوں آئس کریم کے کپ کھا رہے ہیں۔ رحیمو آئس کریم کا کپ خالی کرتے ہوئے اُسے دور پھینکتا ہے۔

(اور کہتا ہے۔)
رحیمو: چل اب چلتے ہیں...... بہت رات ہوگئی ہے...... یہ نہ ہو بکُو تجھے ڈھونڈنے نکل پڑے۔

(بانو اطمینان سے آئس کریم کھاتی ہے۔)
بانو: نکل پڑے......نکلتا ہے تو۔
رحیمو: تیرے کو ڈر نہیں لگتا؟

(بانو آئس کریم کھاتے ہوئے رُکتی اور کچھ تلخی سے کہتی ہے)
بانو: نا کس چیج کا ڈر؟
رحیمو: وہ مارے گا تجھے...... اُس نے میرے ساتھ دیکھ لیا تو۔
بانو: تو تیرے ساتھ میں نہ ہوتی تو



پھر وہ مجھے نہ مارتا؟...... مار سے بانو نہیں ڈرتی تو تو کیوں ڈرتا ہے؟
رحیمو: وہ مجھے بھی مارے گا۔
بانو: تو تُو بھی مارنا اُسے تو تو جوان آدمی ہے......وہ تو بوڑھا ہے

(غصے سے)
رحیمو: میں اتنا بہادر ہوتا تو اُس کتے کو (زندہ) جندہ (زمین) جمین میں نہ گاڑ دیتا جو پپّو کو بھگا کر لے گیا۔

(بے اختیار قہقہہ لگاتی ہے)
بانو: میرے لئے تو وہ پھرشتہ (فرشتہ) ہی بن کے آیا......اچھا ہوا تیری اور میری دونوں کی جان چھوٹی...... رے تو نے کیا کرنا تھا اتنی لمبی جبان (زبان) والی عورت کو؟

(بے ساختہ کہتا ہے)
رحیمو: تیری جبان (زبان) چھوٹی ہے؟
بانو: رے میں نے تجھے کیا کہا ہے؟
رحیمو: گُصہ (غصہ) کیوں کر رہی ہے مجاک (مذاق) کر رہا تھا۔
بانو: میرے ساتھ ایسے مجاک کرنے کی کوئی (ضرورت) جرورت نہیں گالیاں دینے کے لئے وہ بکو بندر ہے اور اُس کی بندریا ......

رحیمو: جسے وہ نچاتا ہے؟

بانو: نہ جو اُسے نچاتی ہے...... میں اپنی سوتن کی بات کر رہی ہوں۔

کھڑا ہوتے ہوئے اُس کا بازو کھینچتا ہے۔

رحیمو: چل اُٹھ جا...... جو بھی بولنا ہے رستے میں بولتی جا...... بڑی رات ہوگئی ہے...... کھالہ (خالہ) بھی منے کو سنبھالتے سنبھالتے گالیاں دے رئی ہوگی مجھے۔

بانو کپ پھینکتے ہوئے اُٹھ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔ وہ بڑبڑاتی ہے۔

بانو: اُٹھ رئی ہوں...... اُٹھ رئی ہوں...... تو بھی بس

// Cut //



# منظر: 7

وقت : رات

جگہ : بستی

کردار : بکّو، چھمکی

.................................

جھونپڑ پٹی سے باہر نکلنے والے رستے پر بکّو جا رہا ہے جب سامنے سے چھمکی اپنے مخصوص اٹھلانے لہرانے والے انداز میں جا رہی ہے۔ اُس کو دیکھ کر بکّو کی رفتار میں کمی آ جاتی ہے اور آنکھوں میں چمک بھی چھمکی اُسے دیکھ کر نظر انداز کرتے ہوئے گزر جانا چاہتی ہے۔

جب وہ اُسے روکتا ہے۔

بکّو: چھمکی بانو کو دیکھا ہے کہیں۔

رُکتی ہے

چھمکی: نہ...... ابھی آئی نہیں؟

وہ پوچھتا ہے

بکّو: نہیں...... اور تو اتنی رات کو کہاں سے آ رہی ہے؟

ماتھے پر بل آتے ہیں

چھمکی: تجھے کیوں بتاؤں...... تو باپ ہے میرا؟

بکّو: تیرا باپ یار ہے میرا!

مذاق اُڑا کر

چھمکی: تو چاچا کہوں تجھے؟

بکّو: نہ میں کسی کا چاچا نہیں...... تیرے

پھانڈے کے لئے کہہ رہا تھا......
جمانہ (زمانہ) بڑا (خراب) کھراب
ہو گیا ہے......

چھمکی: جمانہ صرف میرے لئے کھراب
ہوا ہے یا بانو کے لئے بھی؟......
تو جا کر پہلے اُس کو ڈھونڈھ......
میں تو کھود (خود) آ رہی ہوں
اس کو تو جا کر لانا پڑتا ہے
تیرے کو۔

وہ چبھتے ہوئے انداز میں کہتے ہوئے گزر جاتی ہے۔ بلّو کچھ شرمندہ ہو کر آگے جاتا ہے پھر چند قدم پر مڑ کر چھمکی کو دیکھتا ہے۔ جو بڑے آرام سے جا رہی ہے۔ وہ وہیں کھڑا اُس وقت تک اُس کو دیکھتا رہتا ہے جب تک وہ موڑ مڑ کر اُس کی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہو جاتی۔

پھر وہ ایک گہری سانس لے کر مڑ کر چل پڑتا ہے۔

// Cut //



# منظر: 8

وقت : رات
جگہ : بلّو کے گھر کا صحن
کردار : بلّو، بانو، نیامت

..............................

نیامت توے پر روٹیاں پکانے میں مصروف ہے جب بانو دروازہ کھول کر صحن میں قدم رکھ دیتی ہے۔ نیامت گردن موڑ کر دروازے کی آواز پر دیکھتی ہے اور بانو کو دیکھ کر جیسے اُس کی آنکھوں میں آگ آ جاتی ہے وہ روٹی توے پر ڈال کر اُٹھ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔

بانو بڑی بے نیازی سے چلتے ہوئے اُسے نظر انداز کرتے ہوئے برآمدے کی طرف جانا چاہتی ہے مگر نیامت اُسے ٹوکتی ہے۔

نیامت: آ گئی تو؟......

ترکی بہ ترکی کہتی ہے۔ — بانو: نہیں ابھی نہیں آئی۔

نیامت: آج تو بڑی جلدی آ
گئی نواب (زادی) جادی
......رحیمو کے ساتھ "کام"
جلدی (ختم) کھتم ہو گیا؟ — طنزیہ انداز میں

پلٹ کر دیکھتی ہے اور کہتی ہے — بانو: ہاں جلدی (ختم) کھتم ہو
گیا...... تیرے کو رحیمو
کا بڑا (خیال) کھیال رہتا

ہے ...... بیٹا لگتا ہے تیرا یا کچھ اور؟

نیامت: وقت تو گزارتی ہے اُس کے ساتھ اور رشتہ میرا پوچھتی ہے ...... بدجات

(مسکراہٹ کے ساتھ دونوں ہاتھ کمر پر رکھ کر)
بانو: میں ہی گجار (گذار) سکتی ہوں اب تو تو گجارنے کے قابل نہیں رہی ...... بڑھیا۔

نیامت: اپنی (زبان) جبان پر کابو (قابو) رکھ ورنہ

بانو: ورنہ کیا کرے گی تو؟

نیامت: آنے دے بگو کو ...... نہ پٹوایا تجھے تو مجھے نیامت نہ کہنا۔

بانو: کتیا کہوں؟

(غصے سے بے قابو ہو کر چلاتی ہے)
نیامت: کتیا تو ...... تیری ماں ...... بد جات ...... چڑیل ...... ڈائن ...... بانو ...... دس سال میں ایک بچہ نہیں دے سکی۔

بانو: تو نے تو 30 سال گزارے ہیں بگو کے ساتھ ...... تو نے کتنے بچے پیدا کر دیئے؟

اس سے پہلے کہ نیامت کچھ کہتی بگو صحن کا دروازہ کھول کر اندر آتا ہے وہ بانو کو دیکھ کر سیدھا غصے میں اُس کی طرف آتا ہے۔

بگو: کہاں تھی تو اتنی دیر؟

بانو: جہاں ہر روج (روز) ہوتی



ہوں

بگو: جو پوچھ رہا ہوں سیدھی طرح بتا ورنہ تیرا سر پھاڑ دوں گا۔

بانو: بھیک مانگنے گئی تھی۔

(بیچ میں بولتی ہے)
نیامت: بھیک مانگنے گئی تھی ...... یا اپنے یار کے پاس گئی تھی؟

(ترکی بہ ترکی جواب دیتی ہے۔)
بانو: اپنے نہیں تیرے یار کے پاس گئی تھی۔

بگو: تیرے کو رات نظر نہیں آتی پتہ نہیں چلتا کہ کس وقت گھر آنا ہے؟

بانو: کھالی (خالی) ہاتھ آتی گھر؟ ...... صبح سے کچھ نہیں ملا ...... اب جا کے چار پیسے اکٹھے ہوئے ہیں۔

(غصّے سے)
بگو: کہاں بھیک مانگ رہی تھی تو؟ ...... بستی کے کسی آدمی نے سڑک پر تجھے نہیں دیکھا۔

(غصّے سے ہنس کر)
بانو: بستی کے سارے آدمی اندھے ہیں۔

نیامت: ہاں بس رحیمو آنکھوں والا ہے۔

(غصے سے بگو سے کہتی ہے)
بانو: دیکھ اس کو چپ کرا لے ...... بہت سُن لی ہے میں نے اس کی

| | | |
|---|---|---|
| غصے سے | بکّو: | رحیمو کے ساتھ تھی تو؟ |
| لڑتے ہوئے | بانو: | تو نے دیکھا ہے؟ |
| مداخلت کرتے ہوئے | نیامت: | میں نے دیکھا ہے کئی بار دیکھا ہے۔ |
| | بانو: | تو تو پاگل ہے...... مگج (مغز) پھر گیا ہے تیرا |
| | نیامت: | اور تیرا تو ہے ہی نہیں۔ |
| چلاّ کر | بکّو: | کان کھول کر سن لے تو ...... آج کے بعد تو گھر سے باہر نہیں نکلے گی ...... گھر بیٹھ ...... تو اس کابل نہیں کہ تو گھر سے باہر جائے۔ |
| | بانو: | مجھے کوئی شوک نہیں سڑکوں پر کھواری (خواری) کا ...... جان بھی ماروں اور بے جتی (بےعزتی) بھی کرواؤں ...... اب تو کہے گا تو بھی ادھر سے باہر نئیں نکلوں گی ...... جاؤ مرو ...... تم اس بڑھیا کے ساتھ ...... کھوار (خوار) ہو ...... تمہیں پتہ چلے روپیہ کیسے آتا ہے۔ |

وہ تیز قدموں سے جھونپڑی کے اندر گھس جاتی ہے۔ نیامت کے چہرے پر مسکراہٹ آ جاتی ہے۔

توے پر پڑی روٹی جل کر سیاہ ہو چکی ہے اس میں سے دھواں نکل رہا ہے۔

// Cut //



# منظر: 9

وقت : رات
جگہ : رحیمو کی جھونپڑی
کردار : رحیمو، چھمکی

......................................

چھمکی رحیمو کے سامنے اُس کی جھونپڑی میں کمر پر ہاتھ رکھے کھڑی ہے وہ غصے میں نظر آ رہی ہے جبکہ رحیمو معذرت خواہانہ انداز میں بات کر رہا ہے

| | | |
|---|---|---|
| | رحیمو: | جس کی چاہے کسم لے لے ...... میں بانو کے ساتھ نہیں تھا ...... میں اپنے کام سے باجار (بازار) گیا ہوا تھا۔ |
| | چھمکی: | مُنے کی کسم کھا |
| | رحیمو: | مُنے کی کسم میں اُس سے نہیں ملا۔ |
| ناراضگی سے | چھمکی: | کتنا کمینہ آدمی ہے تو اولاد کی کسم کھا رہا ہے جھوٹی کسم۔ |
| | رحیمو: | تجھے یکین (یقین) کیوں |

نہیں آتا کہ میں اُس سے
نہیں ملا۔

(غصے سے) چھمکی: تو پھر وہ تھی کہاں...... نہ
تو مجھے نجر (نظر)
آیا نہ وہ......

(مسکراتے ہوئے) رحیمو: مجھے کیا پتہ کہ وہ کہاں
تھی...... مگر اپنا تو بتایا
ہے کہ میں باجار گیا تھا۔

(مشکوک انداز میں) چھمکی: باجار کیا لینے گئے تھے؟

رحیمو: سو کام ہوتے ہیں...... اب تجھے سب
کچھ بتاؤں کیا؟

(غصے سے) چھمکی: دیکھ لے رحیمو میں نے اگر تجھے
اُس چڑیل کے ساتھ دیکھ لیا
تو میں اُس کا تو گلا گھونٹوں
گی ہی ساتھ تجھے بھی مار دوں
گی

(آگے بڑھ کر بازو پھیلاتا ہے۔) رحیمو: تو ابھی مار دے...... لے

(چھمکی جیسے کچھ لاجواب ہوتی ہے۔ پھر ہلکی سی تیکھی مسکراہٹ کے ساتھ کہتی ہے۔) چھمکی: نہ...... ماروں گی تو اُس
کے ساتھ ہی...... یوں اکیلے
مارنے کا کیا مجا (مزہ)

رحیمو: اچھا اُس کے ساتھ ہی



مارنا...... مگر پھر تو ساری
عمر ہی وقت ڈھونڈتی
رہے گی۔

چھمکی: اور میرے سے پہلے اگر بگّو
نے دیکھ لیا تو وہ تو کچھ پوچھے
گا بھی نہیں تجھ۔

(لاپرواہی سے) رحیمو: رے چھوڑ اُس بڈھے سے
کون ڈرتا ہے؟...... ہاں تیری
بات اور ہے...... تیرے سے
تو پیار ہے مجھ کو

(طنزیہ انداز میں) چھمکی: بڈھا؟...... وہ بڈھا تیرے
سے زیادہ روپے کماتا ہے۔

رحیمو: دو دو بیویاں ہیں اُس کی
...... وہ عیش کرتا ہے اُن کی
کمائی پر...... ورنہ بندر نچا کر
کیا ملتا ہے اُسے؟

(مسکراتے ہوئے) چھمکی: جو بھی ہے...... اُس کی جیب
میں پیسہ تو ہے۔

رحیمو: میری جیب میں بھی آ جائے
گا تو پھکر (فکر) نہ کر۔

(مڑ کر دروازے کی طرف جاتی ہے) چھمکی: ہورے کب آئے گا......
سنتے سنتے جمانے (زمانے)
ہو گئے...... جب باپ میرا
مجھے کسی کو بیچ دے گا تب
تیرے پاس روپیہ آئے گا

تو کیا پھائدہ (فائدہ)

رحیمو: رے سُن تو کیا جارئی اے۔

چھمکی: بس جارئی ہوں۔ بڑا ٹیم (time) ہو گیا اے۔

ہاتھ جھٹکتی دروازے سے نکل جاتی ہے۔ رحیمو اس کے پیچھے دروازے تک جاتا ہے اور پھر گہری سانس لے کر واپس پلٹ آتا ہے۔

// Cut //



# منظر: 10

وقت : صبح

جگہ : بلّو کی جھونپڑی

کردار : بانو، نیامت

.........................................

بانو چارپائی پر جھونپڑی کے اندر سو رہی ہے۔ نیامت بھیک مانگنے کے لئے باہر جانے کی تیاری میں مصروف ہے۔ وہ اپنی چادر لے کر اوڑھ رہی ہے اور ساتھ ساتھ سوئی ہوئی بانو کو بھی وقتاً فوقتاً گھور رہی ہے جو آنکھیں بند کئے سونے کی ایکٹنگ کر رہی ہے۔ نیامت کمر پر ہاتھ رکھ کر بلند آواز میں بانو کو مخاطب کرتی ہے۔ بانو کروٹ بدل کر اپنا منہ دیوار کی طرف کر لیتی ہے۔

نیامت: بلّو کہہ کر گیا ہے کہ گھر سے باہر نکلے گی تو وہ ٹانگیں توڑ دے گا۔

.........................................

.........................................

نیامت: نہ تو گھر سے باہر جائے گی نہ گھر میں کسی کو بلائے گی سنا تو نے؟

.........................................

.........................................

.........................................

بانو اس بار اُس کی بات پر جسم پر پڑی ہوئی چادر کو کھینچ کر سر اور منہ بھی اُس سے لپیٹ لیتی ہے

نیامت: اور اُٹھ کر گھر کی جھاڑ پونچھ کر لینا اسی طرح سوئی نہ پڑی رہنا

بانو اب بھی کوئی جواب نہیں دیتی نیامت کہتے ہوئے کمرے سے باہر نکل جاتی ہے۔ اُس کے بڑبڑانے کی آوازیں باہر تک آتی ہیں۔ بانو اُس کے جانے کے بعد چہرے سے چادر ہٹا دیتی ہے اور کروٹ بدل کر جھونپڑی کے کھلے دروازے کی طرف دیکھتی ہے جس سے نیامت نکل کر گئی ہے پھر وہ نفرت کے عالم میں زیرلب کچھ کہتے ہوئے لیٹے لیٹے زمین پر تھوکتی ہے اور دوبارہ چادر سے چہرہ ڈھانپ لیتی ہے۔

// Cut //



# منظر: 11

وقت : دن
جگہ : چھمکی کی جھونپڑی
کردار : چھمکی، بگّو

..................................

بگّو کی بندریا اُس کے کندھے پر بیٹھی ہوئی ہے اور وہ چھمکی کے دروازے کو کھٹکھٹا رہا ہے۔ چند لمحوں کے بعد چھمکی دروازہ کھولتی ہے۔ وہ نہا کر نکلی ہے اور اُس کے لمبے گیلے بال کھلے ہوئے ہیں۔ بگّو اُسے دیکھ کر جیسے مبہوت ہو جاتا ہے۔ چھمکی کے ماتھے پر اُسے دیکھ کر کچھ بل آتے ہیں اور وہ اس کو گھورتی ہے بگّو جلدی سے کہتا ہے۔

بگّو: سُجل ہے؟

چھمکی تیکھے انداز میں دروازے کے پٹ پر ہاتھ رکھے کہتی ہے۔

چھمکی: ابا پہلے کبھی اس ٹیم (time) گھر پر ہوا ہے؟

بگّو کچھ نادم ہوتا ہے پھر خجالت آمیز انداز میں ہلتا ہے

بگّو: ہاں...... ہاں...... وہ...... میں ہاں...... لے مجھے یاد ای نئی را......

طنزیہ انداز میں

چھمکی: اس عمر میں دماگ اکثر ساتھ نہیں دیتا۔

بکّو: تو ہمیشہ میرے ساتھ اتنی کوڑی (کڑوی) کیوں بولتی ہے چھمکی؟

چھمکی: تو یہ بتا کہ ابا سے کام کیا ہے؟

بکّو: یہ تو میں تیرے ابا کو ہی بتاؤں گا۔

چھمکی تڑاک سے دروازہ بند کرتی ہے۔

چھمکی: تو پھر جب ابا ہوگا تو ہی آنا۔

بکّو کچھ شرمندہ ہو کر واپس پلٹتا ہے۔ بندریا اُس کے سر پر دونوں ہاتھ رکھے ہوئے ہے۔

**// Cut //**



# منظر: 12

وقت : دن

جگہ : سڑک

کردار : نیامت، بھکاری عورت، بچہ

..............................

نیامت چند ماہ کے ایک ننگ دھڑنگ بچے کو گود میں لئے فٹ پاتھ پر بیٹھی چاول کھلانے میں مصروف ہے۔ وہ بڑے پیار سے اُسے چمکار رہی ہے۔ اور جب وہ بچہ اُس کے ہاتھ سے لقمہ لیتا ہے تو وہ بے اختیار خوش ہوتی ہے۔ اور اس کا سر سہلاتی ہے۔

نیامت: لے میرا چاند...... میرا لال...... کھا لے...... میرا راجا...... رے کھا لے...... ایسے...... اور کھا رے...... کھا لے...... شابا (شاباش) میرا چاند......

ایک دوسری بھکاری عورت آ کر اُس کے پاس فٹ پاتھ پر بیٹھتی ہے اور بچے کو اُس کی گود سے چمکارتے ہوئے لیتی ہے۔ بچہ اپنی ماں کے پاس کھکھلاتا ہوا جاتا ہے۔ نیامت کا چہرہ بجھ جاتا ہے۔

بھکاری عورت: کچھ کھایا اس نے؟

نیامت: ہاں کھایا......

بھکاری عورت: میرے کو یو (فکر) ہھکر

ہو رہی تھی ...... پتہ نہیں میرے بگیر (بغیر) کچھ کھاتا بھی ہے کہ نہیں

*عورت ایک اور لقمہ بچے کے منہ میں ڈالتی ہے۔ نیامت حسرت بھرے انداز میں اُسے دیکھتی ہے۔*

نیامت: ہاں ......تو ماں ہے...... (فکر) پھکر تو ہونی تھی تیرے کو...... لے پانی بھی دے اسے۔

*وہ پانی کا ایک گلاس اُس کی طرف بڑھاتی ہے۔ عورت گلاس پکڑتے ہوئے لاپرواہی سے کہتی ہے۔*

بھکارن: ہاں ماں تو ہوں مگر ساتویں بچے کے کوئی کتنے نکھرے (نخرے) اُٹھائے ......

*ٹوکتے ہوئے*

نیامت: کتنی ناشکری کرتی ہے تو جنتے ...... مجھے دیکھ ایک بچے کے لئے ترستی ہوں۔

بھکارن: ہاں ......تو تُو لے لے اسے

*تعجب سے*

نیامت: کیا بولے ہے رے؟

بھکارن: ہاں ...... ہاں ...... کھرید (خرید) لے۔

*مایوسی سے*

نیامت: میں کیسے کھرید (خرید) سکوں ہوں...... بگّو گلا گھونٹ دے گا میرا



*بچے کے منہ میں اور چاول ڈالتی ہے۔*

بھکارن: چل نہیں ......تو نہ سہی ...... کوئی اور کھرید (خرید) لے گا...... میں اور شکّو ایک دو بچہ بیچ کے گھر کے لئے (زمین) جمین کھریدنے کا سوچ رہے ہیں ...... شکّو کی ماں نے جندگی اجیرن کر دی ہے۔

*منت بھرے انداز میں چمک کر*

نیامت: تو......تو ویسے ہی دے دے مجھے۔

بھکارن: لے ویسے کیسے دے دوں ......مفت تو کوئی جناور (جانور) بھی نہ بیچے......اور یہ تو لڑکا ہے۔

*مایوسی سے*

نیامت: بوہت بار کہا ہے میں نے بگّو سے کہ بچہ کسی سے کھرید (خرید) لیتے ہیں مگر وہ مانے تب نا......کہتا ہے ہوگی تو اپنی ہی اولاد ہوگی......ورنہ بے اولادی ٹھیک ہے......

*بچے کو تھپکتی ہوئی*

بھکارن: تیری سوکن بھی تو ایک بچہ نہ پیدا کر سکی......کیا پھائدہ (فائدہ) ایسے رنگ روپ کا......

*قدرے غصے اور مایوسی سے*

نیامت: میرے کو تو لگتا ہے وہ بچہ پیدا ہی نہیں کرنا چاہتی...... دس سال

ہو گئے اسے...... جب سے آئی ہے......
جبان ہی چلا رئی ہے...... آوارہ ہو
گئی ہے۔

نیامت اُلجھی نظروں سے اُسے دیکھنے لگتی ہے پھر بچے کو دیکھتی ہے۔

بھکارن: تو بکّو سے پھر بات کر...... تجھے ستا
دے دوں گی۔

// Cut //



# منظر: 13

وقت : شام
جگہ : بکّو کی جھونپڑی اور صحن
کردار : نیامت، بانو، بکّو

................................

بانو جھونپڑی کے آگے چھپر کے نیچے چار پائی پر لیٹی ہوئی ہے جب نیامت صحن کا دروازہ کھول کر اندر آتی ہے۔ وہ چند لمحے کے لئے ایک اُکھڑی ہوئی نظر بانو پر ڈالتی ہے اور پھر صحن کے کونے میں پانی کی بالٹی کے پاس جا کر پانی کے چھینٹے مارتے ہوئے منہ اور ہاتھ دھونے لگتی ہے پھر وہ چادر سے منہ پونچھتے ہوئے صحن میں چولہے کے پاس آ کر وہاں برتنوں میں کچھ کھانے کو ڈھونڈنے کی کوشش کرتی ہے جب اُسے کچھ نہیں ملتا تو وہیں سے پکار کر بانو سے کہتی ہے۔

نیامت: کچھ پکایا ہے کہ نہیں پکایا؟

بانو لیٹے لیٹے کہتی ہے۔

بانو: پکایا تھا۔

نیامت: پکایا تھا تو کہاں ہے؟

بانو: کھا لیا......اپنے لئے پکایا
تھا۔

نیامت: کیوں باکی (باقی) سب مر
گئے کیا؟

بانو اُٹھ کر بیٹھ جاتی ہے

بانو: تیری نکرانی (نوکرانی)
نہیں ہوں کہ تیرے لئے

کھانے پکاتی پھروں کہ
تو مہارانی کی طرح آئے اور میں
سب کچھ تیرے آگے سجا کے رکھوں
کھود (خود) پکا کے کیوں نہیں کھا
سکتی؟

چلا کر

نیامت: تو (حرام خور) حرام کھور تو گھر میں
کیا کرنے بیٹھی تھی ...... تو ہاتھ پیر
نہیں ہلا سکتی؟

ترکی بہ ترکی

بانو: نہیں ہلا سکتی ...... اب ہر کوئی اپنا
کام (خود) کھود کرے گا ...... کھانا
بھی اپنے لئے پکائے گا ......
بڑی کھدمتیں (خدمتیں) کر لیں
میں نے

غصے سے

نیامت: یہ تو نہیں ...... تیری جبان (زبان)
سے تیرا یار بول را ہے۔

طنزیہ انداز میں

بانو: اچھا تیرا یار بول را ہے پھر ......
تیرے کو کیا تکلیھ (تکلیف)
ہے ...... تو بھی ڈھونڈھ لے۔

غصے میں

نیامت: میں تیرے جیسی بدجات (بدذات)
نہیں۔

طنزیہ

بانو: یہ کہہ کہ تو میرے جیسی کھوب
صورت (خوبصورت) نہیں ......
اس عمر میں تجھ کو کون دیکھے ہے۔

غصے میں

نیامت: کھوب صورت ہے پر بانجھ اے
...... ایک دم بانجھ ...... بنجر ......
بنجر جمین (زمین) ہو یا



عورت ...... کوئی مول نئ ہووے
ہے اُس کا

بانو: اور تو ...... تیرا کیا مول ہے ......
تو بانجھ نئ ہے کیا؟

نیامت: میں تو ایک مرد کے ساتھ ہی
رہی ساری جندگی ...... سرف ایک
سے بچہ پیدا نہیں ہوا ...... تو تو
کتنے مردوں کے ساتھ پھر آئی ہے۔
کسی ایک سے بھی بچہ پیدا نہ کر سکی
تیرے جیسا کوئی بانجھ ہے؟

بانو طیش میں آ کر اُس پر لپکتی
ہے اور دونوں صحن میں گھتم
گھتا ہو جاتی ہیں۔
صحن کے کھلے دروازے اور
صحن کی دیواروں پر آس
پاس کے لوگ اکٹھے ہو جاتے
ہیں۔ سب دلچسپی سے صحن کے
درمیان اِن دونوں کو
لڑتے اور ایک دوسرے کے
کپڑے پھاڑتے اور بال نوچتے
گالیاں دیتے دیکھتے ہیں
تبھی بگّو اپنے بندر کے ساتھ
آ جاتا ہے۔ وہ صحن کے
اندر کا منظر دیکھ کر غصے میں
آ جاتا ہے۔ اور نیامت اور
بانو جنہوں نے ابھی اُسے نہیں

بانو: چنڈال ...... کتیا ...... بڑھیا
...... کیوں ایسا کرتی ہے۔

نیامت: حرام زادی ...... تو کیا سمجھے
ہے کہ تیرے سے ڈر جاؤں
گی۔

بانو: تیرا تو گلا گھونٹوں گی میں
بوٹیاں نوچوں گی تیری

نیامت: ڈائن ...... چڑیل ...... پچھل
پیری ......

بانو: کمینی ...... تجھے تو مار ڈالوں
گی آج میں ......

نیامت: دیکھتی ہوں کتنا جور (زور)
ہے تیرے میں ...... بگّو کو
آنے دے ...... پھر بتاتی ہوں
تیرے کو

دیکھا وہ ابھی بھی اُسی طرح لڑ اور بول رہی ہے۔

**بانو:** بکّو کی ایسی کی تیسی ......تو اور تیرا بڈھا شوہر۔

بکّو بانو کے منہ سے اُس کی بات سن کر آگ بگولہ ہو جاتا ہے اور سامنے آ کر اُس کی پٹائی شروع کر دیتا ہے۔ نیامت پھولے ہوئے سانس کے ساتھ ایک طرف کھڑی مسکراتی ہوئی بانو کو پٹتے دیکھتی ہے۔ بکّو اُسے مارتے ہوئے بول رہا ہے۔ اُس کا سانس اب پھول رہا ہے۔ بانو خود کو چھڑانے کی کوشش کر رہی ہے۔ وہ اسے بالوں سے کھینچ رہا ہے۔ اور تھپڑ مار رہا ہے پھر ساتھ اردگرد کھڑے لوگوں سے کہتا ہے۔

**بکّو:** بڈھا کس کو بولے ہے رے تو ...... مجھ کو ......

......حرام جادی ......

کتیا ......نمک حرام ......

کیا سمجھے ہے اپنے آپ کو...... تیرے جیسی (ہزار) ہجار ملتی ہیں بکّو کو ......

......اور بکّو تجھے بڈھا لگتا ہے...... تیرے جیسی بانجھ کو پوچھتا کون ہے اور بکّو نے دس سال سے تجھے گھر میں ڈال رکھا ہے...... تیرے پہلے کھسم (خصم) نے تو پانچ سال بعد بیچ دیا تجھے ......اور تو...... تیری اتنی جبان ......

رے تم کیا دیکھ رہے ہو......تمہاری ماں کا تماشہ ہو رہا ہے...... دور ہو جاؤ...... یہاں سے

دروازے اور دیواروں سے جھانکنے والی عورتیں اور مرد کچھ کھکھلاتے ہوئے جانے لگتے ہیں۔

// Cut //



# منظر: 14

وقت : سہ پہر
جگہ : رحیمو کی جھونپڑی
کردار : رحیمو، چھمکی

.................................

رحیمو اور چھمکی زمین پر بیٹھے ہوئے ہیں اُن کے آگے برتنوں میں کھانا ہے۔ چھمکی اطمینان سے کھانا کھانے میں مصروف ہے جبکہ رحیمو کچھ غصے سے بول رہا ہے۔

**رحیمو:** تیرے باپ کو بھی کھدا (خدا) کا کوئی کھوف (خوف) نہیں ...... 40 ہجار (ہزار) مانگ را ہے یوں جیسے میں نے کوئی......

بات کاٹ کر

**چھمکی:** تو کیا گلط (غلط) کرے ہے رے...... میں تو کہتی ہوں 40 ہجار (ہزار) میں بستا ہی بیچ رہا ہے مجھے...... بارہ ہجار (ہزار) میں تو تو نے پنو جیسی عورت کو کھریدا تھا میں تو پھر کھبصورت اور جوان ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| غصے میں آتے ہوئے | رحیمو: | نام نہ لے پیو کا۔۔۔۔۔۔ وہ مل جائے مجھے تو ٹکڑے کر دوں اُس کے۔ |
| طنزیہ مسکراہٹ کے ساتھ | چھمکی: | بس کر۔۔۔۔۔۔ تیرا لے کیا گئی جو اتنا گسہ کرے ہے۔۔۔۔۔۔ بلکہ اُلٹا تجھے اپنا بچہ تک تو دے گئی۔ |
| غصے سے | رحیمو: | میرے کو برباد کر گئی۔۔۔۔۔۔ بارہ ہجار (ہزار) ڈبو دیئے میرے۔۔۔۔۔۔ اور تو کہتی ہے کہ لے کے کیا گئی۔۔۔۔۔۔ بچے کا کیا کروں میں ۔۔۔۔۔۔ اچار ڈالوں؟ |
| اطمینان سے | چھمکی: | اچار نہ ڈال۔۔۔۔۔۔ بیچ دے اسے۔ |
| چونک کر | رحیمو: | کیا؟ |
| آرام سے | چھمکی: | چار پیسے آ جائیں گے۔۔۔۔۔۔ لڑکے کا مول اسی عمر میں لگتا ہے ہوش آ جائے تو کوئی پوچھتا نہیں اُسے۔۔۔۔۔۔ اور لڑکی کو کوئی اس عمر میں نہیں پوچھتا۔۔۔۔۔۔ ہوش میں آنے کے بعد ہی مول لگتا ہے۔۔۔۔۔۔ بیچ دے اسے ۔۔۔۔۔۔ تو اسے کس لئے سنبھالے پھر رہا ہے۔۔۔۔۔۔ اپنی دوسری بیوی کے لئے۔۔۔۔۔۔ وہ پالے گی اسے؟ |
| سوچتے ہوئے | رحیمو: | کہہ تو تو ٹھیک رہی ہے۔۔۔۔۔۔ مگر |



| | | |
|---|---|---|
| | | بیچوں کیسے؟ |
| | چھمکی: | بکو بندر والے کو بیچ دے۔ |
| | رحیمو: | مجاق (مذاق) نہ کر۔ |
| | چھمکی: | لے۔۔۔۔۔۔ مجاق والی کیا بات ہے نیامت بستی کے ہر بچے کو لے لے کر بیٹھی ہوتی ہے آج کل۔۔۔۔۔۔ بات کر اُس سے۔ |

رحیمو ہونٹ کاٹتے ہوئے اُسے دیکھ رہا ہے۔ چھمکی آرام سے اب کھانا کھا رہی ہے۔

// Cut //

# منظر:15

| | | |
|---|---|---|
| وقت | : | رات |
| جگہ | : | چھمکی کا صحن |
| کردار | : | سُچل، بگو |

..............................

سُچل اور بگو چار پائی پر صحن میں بیٹھے ہوئے ہیں جبکہ بگو سوچ میں ڈوبا لگ رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| | سُچل: | لے 15 ہجار تو مجھے رحیمو کہہ کے گیا اے...... اور تو پانچ ہجار کہہ رہا ہے...... کس جمانے (زمانے) میں رہ را ہے تو؟ |
| سنجیدگی سے | بگو: | دس سال پہلے میں نے بانو کو چار ہجار میں کھریدا (خریدا) تھا تب بانو کی عمر بھی چھمکی جتنی تھی۔ |
| حقہ پیتے ہوئے | سُچل: | وہ دس سال پہلے کا جمانہ تھا اور بانو کی ایک شادی ہو چکی تھی...... چھمکی تو ابھی کنواری ہے۔ |



| | | |
|---|---|---|
| منت والے انداز میں | بگو: | پھر بھی 40 ہجار بہت جیادہ ہے...... |
| اکھڑے انداز میں | سُچل: | تو میں تجھے مجبور تھوڑا کر رہا ہوں...... تو نہ کھرید ...... |
| نرم آواز میں | بگو: | یہ یاروں والی بات تو نہ کی تو نے سچل |
| سنجیدگی سے | سُچل: | یاری اپنی جگہ...... سودا اپنی جگہ...... میرے پاس کون سی دس بارہ لڑکیاں ہیں کہ ایک کے سودے میں یاری کے لئے گھاٹا کھا لوں تو دوسری جگہ سے نکسان (نقصان) پورا ہو جائے گا۔ |
| منت کرتے ہوئے | بگو: | پھر بھی کچھ تو لحاج (لحاظ) کر سُچل |
| ترکی بہ ترکی | سُچل: | تو کر رہا ہے؟...... تجھے بتایا ہے کہ رحیمو پندرہ ہجار دے رہا ہے۔ |
| | بگو: | رحیمو نکھٹو بھی تو ہے...... تیری بیٹی سے کام کروا کروا کر مار دے گا اُسے |
| غصے سے | سُچل: | تو تو کون سا لینڈ لارڈ ہے...... تو نے بھی تو بھیک ہی منگوائی ہے۔ |
| | بگو: | پر میں کھود (خود) بھی تو کماتا |

ہوں۔

سُچل: کماتے ہو تو 40 ہجار (ہزار) کیوں جیادہ (زیادہ) لگ رہے ہیں تجھے؟

بگو اُٹھ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔

بگو: پھر کچھ موہلت دے مجھے......

حقے کا کش لگاتے ہوئے

سُچل: ایک مہینہ لے لے......ایک مہینہ رحیمو کو دے رہا ہوں...... ایک ہی تجھے دیتا ہوں...... 30 دن کے بعد جو 40 ہزار لے کر آ گیا وہ چھمکی کو لے جائے

بگو قدرے ناراضگی کے عالم میں دروازے کی طرف جاتا ہے۔

// Cut //



# منظر: 16

وقت : دن

جگہ : بگو کی جھونپڑی

کردار : بگو، نیامت، بانو

..................................

نیامت صحن میں بندریا کو پتے کھلا رہی ہے۔ بگو باہر سے دروازہ کھول کر اندر آتا ہے۔ صحن میں پڑے گھڑے سے پانی پیتا ہے پھر بندریا کو اپنے کندھے پر بٹھا لیتا ہے اور نیامت سے کہتا ہے۔

بگو: اُٹھا اُس کو بھی......کام پر جائے، کتنے دن گھر بیٹھے گی۔

اعتراض کرتی ہے۔

نیامت: پھر اُس کو باہر کا راستہ دکھا رہا ہے۔

اندر بانو جھونپڑی میں لیٹی اُس کی گفتگو سن رہی ہے۔ اُس کے چہرے پر زخموں کے نشان ہیں۔

بگو: تو گھر میں اُسے رکھنے کا کیا پھائدہ (فائدہ) ہے...... باہر جاتی ہے تو چار پیسے ہی لے کر آتی ہے...... جا اُٹھا اُسے

نیامت: بھاگ جائے گی بگو......

بگو: جب بھاگے گی تو دیکھ لوں گا۔

کہتا ہوا باہر نکل جاتا ہے

نیامت پاؤں پٹختی ہے اندر بانو چارپائی پر لیٹی مسکرا رہی ہے۔ وہ اٹھ کر چارپائی پر بیٹھ جاتی ہے۔

// Cut //

# منظر: 17

وقت : دن
جگہ : رحیمو کی جھونپڑی
کردار : چھمکی، رحیمو

..............................

چھمکی اور رحیمو دونوں چارپائی پر بیٹھے ہیں رحیمو پریشان نظر آ رہا ہے۔

رحیمو: پھر تمہارے باپ نے کیا کہا؟

چھمکی: میرے باپ نے 30 دن کی مہلت دی ہے اُسے ...... 30 دن میں جو روپیہ لے آیا ...... تو مجھے لے جائے گا۔

رحیمو: اور تو چلی جائے گی اُس کے ساتھ؟

گہرا سانس لے کر — چھمکی: جانا ہی پڑے گا۔

ناراضگی سے — رحیمو: اور جو میرے ساتھ کسمیں کھائی ہیں پیار محبت کی وہ ...... رے چھمکی تو کتنی بے وپھا ہے۔

طنزیہ انداز میں — چھمکی: وعدے تو تو نے بڑے کئے ہیں میرے ساتھ ...... تو کیوں نہیں پورا کرتا۔

غصے میں — رحیمو: تیری عمر سے تگنی عمر ہے اُس بندر



والے کی

بات کاٹ کر — چھمکی: اور تیری جیب سے تگنا پیسہ ہے اُس کے پاس۔

دو بدو — رحیمو: دو بیویاں پہلے ہیں ...... تیرے ساتھ کیا سلوک کرے گا۔

اسی انداز میں — چھمکی: اچھی طرح نہ رکھے گا تو بھاگ جاؤں گی جیسے تیری بیوی بھاگ گئی۔

غصے سے — رحیمو: پھر پینو کا نام لیا؟

چھمکی: نام تو تو لے رہا ہے ...... میں نے تو صرپھ تیری بیوی کہا ...... اچھا میں چلتی ہوں اب ...... تو سوچ لے ...... 40 ہجار کوئی بڑی رقم نہیں ......

کہتی ہوئی لاپرواہی سے کمرے سے نکل جاتی ہے۔

رحیمو کھڑا ہو کر بے چینی سے کمرے کے چکر لگانے لگتا ہے۔

// Cut //

# منظر: 18

وقت : دن
جگہ : ساحل سمندر
کردار : بکّو

........................................

بکّو ساحل سمندر پر بندر کا تماشہ دکھا رہا ہے۔ آس پاس بہت سے لوگ کھڑے ہیں اور وہ بندریا سے بھیک منگوا رہا ہے۔ اُس نے زمین پر ایک چادر بچھائی ہوئی ہے۔ بندریا روپے لاکر اُس چادر پر پھینک رہی ہے تماشہ ختم ہونے کے بعد بکّو چادر پر سے سارے روپے اکٹھے کر لیتا ہے اور چادر اُٹھا کر خود بھی زمین سے کھڑا ہو جاتا ہے۔ بندریا کو رسی سے باندھے ساتھ چلاتے ہوئے اُسے اچانک چھمکی کا خیال آتا ہے۔ کچھ دیر کے لئے اُسے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اُس کے ساتھ بندریا نہیں چھمکی چل رہی ہے۔ وہ بندریا کو دیکھتے ہوئے بے اختیار مسکرانے لگتا ہے۔

// Cut //



# منظر: 19

وقت : دن
جگہ : پارک
کردار : بانو، رحیمو

........................................

رحیمو اور بانو دونوں بینچ پر بیٹھے ہوئے تھے۔

رحیمو: کل کیوں نہیں آئی...... میں نے بڑا انتجار کیا

بانو: بکّو نے روک دیا تھا۔

رحیمو: آج کیسے آنے دیا؟

عجیب سے انداز میں ہنستی ہے

بانو: جیب کی بھوک سے مجبور ہو کے......تو بتا منا کیسا ہے؟

رحیمو: ٹھیک ہے۔

اشتیاق سے

بانو: میں نے جو کپڑے دیئے وہ اُسے پہنائے؟

رحیمو: ہاں۔

بانو: پیارا لگ را تھا؟

رحیمو: تو کھود (خود) آ کے دیکھنا

| | | |
|---|---|---|
| اچانک اُس کا ہاتھ پکڑ کر پُرجوش انداز میں کہتی | بانو: | چل رحیمو ......ہم بھاگ جاتے ہیں...... میں، تو......منا...... |
| ہے رحیمو ہاتھ چھڑاتا ہے | رحیمو: | پاگل مت بن بانو......کہاں بھاگ جائیں گے؟ |
| مسکراتے ہوئے | بانو: | کہیں بھی...... کسی جگہ بھی...... نہ بگو بندر والا ہو...... نہ نیامت ہو......بس تم میں اور منا ہوں۔ |
| سنجیدگی سے | رحیمو: | یہ اتنا آسان نہیں ہے۔ |
| اُداس ہوتے ہوئے | بانو: | میں اب اُس کے ساتھ نہیں رہ سکتی...... بوہت ہو گیا......اب نہیں رہ سکتی......نہ اُس کے ساتھ......نہ اُس کی بیوی کے ساتھ۔ |
| سمجھاتے ہوئے | رحیمو: | ایک دو سال کے بعد بھاگ جائیں گے......ابھی تو کچھ ہے ہی نہیں میرے پاس...... |
| بانو اپنی چادر اُتار کر اُس کے ایک سرے کو گردن میں باندھ لیتی ہے۔ رحیمو | بانو: | میرے کو لگتا ہے رحیمو میں تو بندریا بن گئی ہوں...... بگو بندر والے کی بندریا |
| گھبرا جاتا ہے۔ وہ | رحیمو: | کیا کر رہی ہے بانو؟ |
| قہقہہ لگاتی ہے وہ چادر کا دوسرا سرا | بانو: | کچھ نہیں...... تجھے بتا رہی ہوں...... بندریا کیا کرتی ہے...... لے یہ پکڑ...... |

رحیمو کے ہاتھ میں دے دیتی ہے۔ رحیمو کچھ سمجھ میں نہ آنے کے انداز میں وہ سرا پکڑ لیتا



ہے۔ بانو بندریا کی طرح بینچ کے گرد چلنے لگتی ہے۔ بھیک والے انداز میں ہاتھ پھیلائے پھر اچانک قہقہہ لگاتے ہوئے دوبارہ بینچ پر آ کر بیٹھ جاتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بانو کی آنکھوں میں ہنستے | رحیمو: | تیرا مگج پھر گیا ہے؟ |
| ہنستے اچانک آنسو آ جاتے ہیں۔ | بانو: | عورت کی کوئی جندگی نہیں رحیمو......کوئی جندگی نہیں...... جندگی ہے تو بس یہی ہے...... گلے میں رسی باندھ کر ساری دنیا کے آگے دھیلے دھیلے کے لئے ناچتے پھرنا...... رسی نے ہمیشہ مرد کے ہاتھ میں ہی رہنا ہے......بگو کے ساتھ رہوں گی تو بھی...... تیرے ساتھ رہوں گی تو بھی...... پر دل بس یہ کرتا ہے کہ اگر گلے میں رسی ہی باندھنی ہے تو رسی اپنی مرجی (مرضی) کے مرد کے ہاتھ میں ہووے......جس کو دیکھ کر گھن تو نہ آوے۔ |
| کھڑا ہو جاتا ہے | رحیمو: | تیرے سے بڑی باتیں کرنی تھی پر آج تو تو کہیں اور ہی پہنچی ہوئی ہے......کل بات کروں گا۔ |

کہتا ہوا جاتا ہے۔ بانو بینچ پر بیٹھی اُسے جاتے دیکھتی رہتی ہے۔ چادر کا ایک سرا اب بھی اُس کی گردن کے گرد بندھا ہوا ہے۔

// Cut //

# منظر: 20

وقت : رات

جگہ : بگّو کی جھونپڑی

کردار : بگّو، نیامت

..............................

بگّو چھپر کے نیچے چار پائی پر بیٹھا حقہ پیتے ہوئے گہری سوچ میں ڈوبا ہوا ہے۔

نیامت بازو کھجاتی جھونپڑی کے اندر سے نکلتی اُس کے پاس آ کر بیٹھ جاتی ہے۔ — نیامت: تیرے سے ایک بات کرنی ہے۔

کش لگاتا ہے۔ — بگّو: کر

نیامت: وہ جنتے ہے نا

بگّو: ہاں

نیامت: وہ اپنا سب سے چھوٹا بیٹا بیچ رہی ہے۔

اکھڑ انداز میں — بگّو: تو؟

منت کرتے ہوئے — نیامت: تو یہ کہ کھرید (خرید) لیتے ہیں...... ہماری کسمت (قسمت) میں اپنی اولاد تو ہے ہی نہیں



لاپرواہی سے — بگّو: ابھی نہیں ہے کل کو ہو جائے گی۔

غصے سے — نیامت: بانو سے کچھ نہیں ملے گا تجھے وہ بانجھ ہے بانجھ۔

مزے سے — بگّو: میں نے کب کہا کہ بانو سے اولاد ہوگی۔

چونک کر — نیامت: تو پھر کس سے ہوگی؟

بگّو: میں شادی کر رہا ہوں۔

بے یقینی سے — نیامت: کیا؟

بگّو: کیوں؟...... کوئی انوکھا کام کر رہا ہوں؟

نیامت: کس سے کر رہے ہو؟

بگّو: چھمکی سے۔

غصے سے کہتی ہے — نیامت: تین تین جنانیوں کو کہاں رکھو گے ایک جھونپڑی اور چھپر ہے...... اور

بگّو اُس کی بات کاٹتا ہے — بگّو: میں بانو کو بیچ رہا ہوں۔

حیرانگی سے — نیامت: بیچ رہے ہو؟

حقہ پیتے ہوئے — بگّو: ہاں...... اور نہیں رکھ سکتا...... چھمکی کا باپ 40 ہجار (ہزار) مانگ رہا ہے...... میں 40 ہجار کہاں سے لاؤں...... بانو کو بیچوں گا تو رکم پوری ہو جائے گی۔

آئستہ آواز میں — نیامت: کہاں بیچو گے؟

بگّو: بتا دوں گا...... کاہے کی جلدی ہے۔

*مدھم آواز میں*

نیامت: پہلے مت بتانا ورنہ بھاگ جائے گی۔

بکّو: بکّو اُسے اُس کی کبر (قبر) سے بھی لے کر آ جائے گا۔ مجھے پھکر (فکر) نہیں ہے...... میری چیج (چیز) ہے میں بیچوں چاہے رکھوں......

*اندر بانو جھونپڑی کے بند دروازے کے ساتھ اندھیرے میں لگی کھڑی ہے۔ اُس کے ماتھے پر بل اور سوچ کے آثار ہیں۔*

**// Cut //**



# منظر: 21

| | | |
|---|---|---|
| وقت | : | رات |
| جگہ | : | بکّو کا گھر |
| کردار | : | نیامت، بکّو، بانو |

..................................

*نیامت صحن میں چولہے کے پاس بیٹھی روٹیاں پکا رہی ہے۔ بکّو بہت غصے میں گھر میں داخل ہوتا ہے۔ نیامت اُسے دیکھتی ہے۔ بکو چھپر کے نیچے پڑی چارپائی پر غصے میں بیٹھ جاتا ہے۔ نیامت دور سے کہتی ہے۔*

نیامت: روٹی لاؤں؟

*بکّو جواباً کہتا ہے*

بکّو: (زہر) جہر لا دے۔

*نیامت اُٹھ کر چھپر کے نیچے آ جاتی ہے۔*

نیامت: رے کیا ہوا...... اتنے گسے میں کیوں ہے؟

بکّو: میری تو کسمت ہی کھراب ہے...... جو پانسہ پھینکوں اُلٹا ہی گرے ہے۔

*اُس کے کندھے پر ہاتھ رکھتی ہے*

نیامت: کچھ بتا تو سہی کیا ہوا؟

بکّو: بانو کو بیچنے گیا تھا۔

نیامت: پھر؟

بکّو: حرام جادی (حرام زادی)

| | | |
|---|---|---|
| | | کی کوئی کیمت (قیمت) ہی نہیں ہے......کوئی چند ہجار (ہزار) سے جیادہ (زیادہ) مول ہی نہیں دے را |
| بانو جھونپڑی سے نکل آتی ہے اور باتیں سُننے لگتی ہے نیامت بانو کو دیکھ کر بات ادھوری چھوڑ دیتی ہے۔ | نیامت: | تُو تو کیا سمجھتا تھا کیا لاکھوں...... |
| | بانو: | چپ ہونے کی ضرورت نہیں جانتی ہوں کہ مجھے بیچ رہا ہے یہ |
| غصے سے ہاتھ کو ڈگڈگی کی طرح ہلاتے ہوئے کہتا ہے۔ | بکّو: | بیچوں گا تو تب نا جب کوئی کیمت ملے گی......کوئی کیمت نہیں رہ گئی بانو تیری......کوئی دو ہجار (ہزار) دے را ہے کوئی چار ہجار (ہزار) |
| بے اختیار غصے میں کہتی ہے | بانو: | جھوٹ بولتا ہے تو......بکواس کرتا ہے۔ |
| غصے سے | بکّو: | تو جا...... جا کے کھود (خود) دیکھ لے......کہیں جیادہ (زیادہ) کیمت ملتی ہے تو لے آ۔ |
| وہ نیامت کی طرف اشارہ کرتی ہے | بانو: | میری کیمت نہیں ملے گی تو کیا اس کی کیمت ملے گی؟ |
| | بکّو: | یہ بھی بانجھ ہے تو بھی بانجھ ہے......اور بانجھ عورت کی کوئی کیمت......کوئی مول نہیں لگتا |



| | | |
|---|---|---|
| | | وہ 20 سال کی ہو یا سو سال کی۔ |
| سینے پر ہاتھ مارتے ہوئے | بانو: | بانو بانجھ ہے بے مول نہیں......تو کہاں بیچنے گیا تھا...... میں تجھے بیچ کے بتاتی ہوں...... کتنی کیمت چاہیے تجھے...... بول کتنی کیمت چاہیے |
| طنزیہ انداز میں | نیامت: | کیوں وہ تیرا یار رحیمو آ کے دے گا کیا؟ |
| غصے سے | بکّو: | بلا لے اُس کو......اگر وہ دیتا ہے تو وہ لے جائے تجھے...... 20 ہجار دے اور لے جائے تجھے...... |

بکّو بیزاری اور غصے سے کہتا ہوا اُٹھ کر جھونپڑی کے اندر گھس جاتا ہے۔ نیامت اور بانو ایک دوسرے کو دیکھتی رہتی ہیں۔ بانو کے ہونٹ بھینچے ہوئے ہیں۔

// Cut //

# منظر: 22

وقت : دن

جگہ : رحیمو کی جھونپڑی

کردار : رحیمو، بانو

..............................

بانو اور رحیمو جھونپڑی میں آمنے سامنے کھڑے ہیں۔

**رحیمو:** پر میں 20 ہجار کہاں سے دوں گا...... نہ بانو...... یہ نہیں ہوسکتا...... میں بکّو کے پاس نہیں جا سکتا۔

**بانو:** میں دوں گی تجھے 20 ہجار

**رحیمو:** (چونک کر) تو کہاں سے دے گی؟ ہیں تیرے پاس؟

**بانو:** (منت کرتے ہوئے) تو اُس سے مہلت تو لے کر آ...... میں بھیک مانگ کر لا دوں گی۔

**رحیمو:** (سر جھٹک کر) کتنی مہلت دے گا وہ 20 ہجار کے لئے تو سال چاہیے

**بانو:** (بات کاٹ کر) نہیں میں چند ہفتوں



میں کما لوں گی

**رحیمو:** (اُلجھ کر) کیسے کمائے گی تو؟

**بانو:** (سنجیدگی سے) میں کما لوں گی......تو اُس سے میرا سودا تو کر...... دیکھ دوبارہ یہ موکا (موقع) نہیں ملے گا۔ ایک بار اُس کے پاس جا اور مجھے کھرید (خرید)......اُس کو پتہ چلے کہ بانو بے مول نہیں ہے......عورت بانجھ ہو تو کیا عورت نہیں رہتی مٹی بن جاتی ہے؟

**رحیمو:** (سوچتے ہوئے) تو مجھے پہلے 20 ہجار لا کے دے...... پھر میں اُس کے پاس جاؤں گا۔

**بانو:** (غصے سے) تب تک وہ مجھے کہیں اور بیچ دے گا...... دو چار (ہزار) ہجار کے لئے۔

**رحیمو:** (سمجھاتے ہوئے) پر بانو......تو کچھ سمجھ......اس طرح سودے نہیں ہوتے

**بانو:** (غصے سے) ہوتے ہیں......اسی طرح ہوتے ہیں...... 20 ہجار میں تجھے میں مل جاؤں گی تو کیا مہنگا سودا ہے...... تیرے بچے کو ماں مل جائے گی......تو کیا مہنگا سودا

ہے...... اور تیری جیب سے
جائے گا کیا...... ایک روپیہ نہیں
20 ہجار تو بانو کا جائے گا۔

(ہتھیار ڈال کر) رحیمو: کتنی مہلت لوں اُس سے؟

بانو: 20 دن کی۔

(چونک کر) رحیمو: 20 دن میں 20 ہجار؟

بانو: بانو کو کمانے ہیں...... تجھ کو نہیں
کمالے گی بانو۔

رحیمو حیرانگی سے اُس کے چہرے کو دیکھتا رہتا ہے۔

// Cut //



# منظر: 23

وقت : دن
جگہ : بگّو کا صحن
کردار : نیامت، بانو

..............................

صحن میں مرغی اور اُس کے چوزے پھر رہے ہیں نیامت اُن کے پاس ایک چوکی پر بیٹھی اُنہیں دانہ ڈالتے ہوئے بڑی محبت سے اُن چوزوں کو ادھر سے ادھر بھاگتے ہوئے دیکھ رہی ہے۔

بانو نل کے پاس بیٹھی اپنے کپڑے دھو رہی ہے پھر وہ اُٹھ کر تار پر اپنے کپڑے جھاڑ کر لٹکانے لگتی ہے۔ تب نیامت اُسے عجیب سی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

نیامت: رحیمو کو 20 ہجار کہاں سے
دے گی؟

بانو جیسے کرنٹ کھا کر مڑ کر اُسے دیکھتی ہے۔

بانو: کون سے 20 ہجار؟

نیامت: وہی 20 ہجار جس کے
لئے اُس نے 20 دن کی
مہلت لی ہے بگّو سے

بانو: مہلت اُس نے لی ہے
اور پوچھ تو میرے سے رئی ہے؟

*عجیب مسکراہٹ کے ساتھ*
نیامت: رحیمو کنگلا ہے 200 روپیہ کسی کو نہیں دے سکتا 20 ہجار کہاں سے دے گا۔

*اکڑ کر*
بانو: تیرے کو کیسے پتہ کہ کنگلا ہے؟

*سر جھٹک کر*
نیامت: پوری بستی کو پتہ ہے۔ میرے کو کیسے پتہ نہیں ہوگا۔

بانو: اُس نے کہا ہے تو دے گا۔

*مسکراتے ہوئے*
نیامت: جانتی ہوں بانو...... تو دے گی اُسے...... تیرے پاس 20 ہجار ہیں تو بکّو کو دے دے وہ چھمکی کو کھرید لے۔

*طنزیہ انداز میں*
بانو: تاکہ میری کبھی تجھ سے اور بکّو سے جان نہ چھوٹے بلکہ چھمکی جیسی ایک اور چڑیل آ کر مجھے چمٹ جائے۔

نیامت: تو ہی دے گی نا رحیمو کو 20 ہجار؟

*سر ہلاتے ہوئے*
بانو: ہاں دوں گی...... سو بار دوں گی...... جا یہ بھی بتا دے تو بکّو کو۔

نیامت: ہیں تیرے پاس؟

بانو: کماؤں گی میں۔

نیامت: بھیک مانگ کے؟

*بانو جواب دینے کی بجائے پلٹ کر کپڑے تار پر لٹکانے لگتی ہے نیامت عجیب سے انداز میں ہنسنے لگتی ہے پھر ہنستے ہنستے اُسے کھانسی ہونے لگتی ہے۔*

// Cut //



## منظر: 24

وقت : دن
جگہ : سڑک
کردار : بانو، نیامت

..............................

نیامت سڑک پر بھیک مانگ رہی ہے۔ جب وہ اچانک کچھ فاصلے پر ایک گاڑی کو رُکتے اور اُس کی پچھلی سیٹ سے بانو کو اُترتے دیکھتی ہے بانو نے چہرہ چھپایا ہوا ہے۔ نیامت ٹھٹھک جاتی ہے۔ بانو کے اُترتے ہی گاڑی آگے چلی جاتی ہے۔ بانو نے ابھی نیامت کو نہیں دیکھا وہ سڑک کے کنارے چلنا شروع ہوتی ہے جب نیامت اچانک پیچھے سے آ کر اُسے پکارتی ہے۔

نیامت: بانو...... بانو

*بانو پلٹ کر دیکھتی ہے اور چہرے پر گھبراہٹ اور بیزاری ہے۔*
بانو: کیا ہے؟

نیامت: تو گاڑی میں بیٹھ کر کہاں سے آئی ہے؟

بانو: کون سی گاڑی؟ کیسی گاڑی

نیامت: میں نے کھود (خود) دیکھی ہے گاڑی...... اور وہ مرد بھی...... کہاں گئی تھی تو

بانو: تو اپنا کام کر...... میرے پیچھے کیوں پڑ گئی ہے۔

بانو چلنے لگتی ہے۔ نیامت اُس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر نرمی سے کہتی ہے۔

نیامت: مجھے اپنا دشمن مت سمجھ...... اب تو ویسے بھی تیرا اور میرا رشتہ کھتم (ختم) ہونے والا ہے......

بانو پلٹ کر اُلجھی ہوئی نظروں سے اُسے دیکھنے لگتی ہے۔ نیامت بھی عجیب انداز میں مسکرا رہی ہے۔

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................

نیامت: کسی کے ساتھ جانا ہے تو چھپ کے جا...... یوں بیچ باجار (بازار) میں اُترے گی تو میں نہیں کوئی اور دیکھ لے گا...... بگّو کو بتائے گا...... پھر اور وخت پڑے گا تجھے۔

عجیب نظروں سے اُسے دیکھتے ہوئے پوچھی ہے

بانو: تجھے پتہ ہے۔ کہاں کس کے ساتھ کس لئے گئی تھی؟

نیامت: نیامت کو کیا سمجھتی ہے تو...... 20 ہجار ہاتھ پھیلا کے تو کوئی اکٹھا نہیں کر سکتا ہر عورت وہی کرتی جو تو کر رہی ہے...... بس جو بھی کر...... چھپ کے کر

نیامت پلٹ کر چلی جاتی ہے۔ بانو اُلجھی ہوئی نظروں سے اُس کی پشت کو دیکھتی رہتی ہے۔

// Cut //



# منظر: 25

وقت : شام

جگہ : سڑک کے کنارے درخت

کردار : بگّو

..............................

بگّو سڑک کے کنارے پر ایک درخت کے نیچے بیٹھا ہوا ہے۔ بندریا اُس سے کچھ فاصلے پر بیٹھی ہے اور بگّو کچھ نوٹ گننے میں مصروف ہے۔ نوٹ گننے کے بعد وہ اپنی جیب سے ایک رومال نکال کر اُسے کھولتا ہے اور اُس میں بندھے ہوئے نوٹوں کے ساتھ یہ نوٹ بھی رکھ کر دوبارہ باندھ دیتا ہے۔ اور اسے جیب میں احتیاط سے رکھ لیتا ہے۔ وہ بندریا کو دیکھ کر مسکراتا ہے چند لمحوں کے لئے بندریا چھمکی میں تبدیل ہو جاتی ہے' اُس کے گلے میں بندریا کی طرح رسی بھی بندھی ہوتی ہے۔ بگّو ڈگڈگی اٹھا کر بے اختیار اُسے بجانے لگتا ہے۔ بندریا اُٹھ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔

// Cut //

# منظر:26

وقت : رات

جگہ : بکّو کی جھونپڑی

کردار : بانو، نیامت

..............................

نیامت جھونپڑی کے اندر چارپائی پر بیٹھی نوٹ گنتے ہوئے کچھ سوچنے میں مصروف ہے۔ تب بانو اندر داخل ہوتی ہے اور نیامت پر ایک نظر ڈالتی ہے۔ نیامت اپنے روپے اکٹھے کرتے ہوئے اُس سے کہتی ہے۔

نیامت: آ گئی تو؟

*وہ چارپائی پر بیٹھتی ہے اور اپنا بایاں پاؤں دائیں گھٹنے پر رکھتے ہوئے اُسے دبانے لگتی ہے نیامت کی رقم پر نظر ڈالتے ہوئے وہ کہتی ہے*

بانو: ہاں

بانو: تو آج کل بڑے نوٹ گنتی رہتی ہے......

نیامت: چھمکی کے لئے گن رہی ہوں......بکّو کو دوں گی......اُس کو چاہیے



*مسکراتے ہوئے*

بانو: ایک سوکن سے جان چھوٹے گی تو دوسری کا پھندا گلے میں ڈال لے گی۔ پھر اُس کی جندگی اجیرن کرے گی بچے کے لئے۔

*جواب دینے کی بجائے عجیب سی مسکراہٹ کے ساتھ پوچھتی ہے۔*

نیامت: تیرے پاس کتنی رکم ہوگئی؟

بانو: ابھی 20 ہجار نہیں ہوئے

نیامت: پانچ دن رہ گئے ہیں

*عجیب سے انداز میں*

بانو: جانتی ہوں پانچ دن رہ گئے ہیں...... 20 دن میں 20 ہجار نہ ہو سکے تو تو دے گی مجھے کچھ رکم (رقم)؟

نیامت: ہاں دے دوں گی۔

*مسکراتی ہے۔*

بانو: تیرا دل پچھلے پندرہ دن میں اتنا بڑا کیسے ہوگیا نیامت بی بی:

نیامت: تیرے سے جان چھوٹ جاوے اور کیا چاہیے میرے کو

بانو: اپنے ہاتھ سے پیسہ دے کے جان چھڑاوے گی

نیامت: تیری بھی تو چھوٹے گی

بانو: ہاں میری تو چھوٹے گی...... میری تو جندگی سنور جائے گی......رحیمو اور منے کے ساتھ

اپنا گھر ہووے گا...... اولاد
ہووے گی...... اورتو تیرا
کیا ہوگا...... وہی رُکل رُکل......
وہی بگّو بندر والا...... اور
میری جگہ چھمّی

بانو طنزیہ انداز میں مسکراتے ہوئے کمرے سے چلی جاتی ہے۔ نیامت اُس کے جانے کے بعد عجیب سے انداز میں مسکراتی ہے۔

// Cut //



# منظر: 29

| | | |
|---|---|---|
| وقت | : | دن |
| جگہ | : | میدان |
| کردار | : | بگّو |

..............................

بگّو ایک میدان میں پوری طاقت سے ڈگڈگی بجاتے ہوئے بندریا کی رسی کھینچ کھینچ کر اُسے ہدایات دے رہا ہے آس پاس کھڑے لوگ تالیاں بجاتے ہوئے زمین پر پھیلی چادر میں روپے پھینک رہے ہیں۔

// Cut //

# منظر: 30

وقت : رات
جگہ : بگّو کا جھونپڑا، رحیمو کا جھونپڑا
کردار : بانو، رحیمو، منا

..............................

بانو نیم اندھیرے میں جھونپڑی کے اندر چارپائی پر لیٹی ہوئی ہے۔ اُس کی آنکھیں کھلی ہوئی ہیں وہ تصور میں اپنے آپ کو رحیمو کی جھونپڑی میں اُس کے اور منے کے ساتھ دیکھ رہی ہے۔ وہ منے کو گود میں لئے ہوئے ہے جبکہ رحیمو پیار بھری نظروں سے اُسے دیکھ رہا ہے۔

بانو چارپائی میں لیٹی مسکرانے لگتی ہے۔

// Cut //



# منظر: 31

وقت : رات
جگہ : بگّو کی جھونپڑی
کردار : بگّو، چھمکی

..............................

بگّو اندھیرے میں جھونپڑی کے باہر چھپر کے نیچے پڑی چارپائی پر لیٹا ہوا ہے اُس کی آنکھیں کھلی ہوئی ہیں۔ وہ تصور میں چھمکی کو اپنے صحن میں ایک بچے کو گود میں لئے دیکھ رہا ہے۔ جبکہ وہ خود اُس کے پاس بیٹھا اُسے محبت بھری نظروں سے دیکھ رہا ہے

بگو مسکرانے لگتا ہے اور آنکھیں بند کر لیتا ہے۔

// Cut //

# منظر: 32

وقت : رات
جگہ : بگّو کی جھونپڑی
کردار : نیامت

..............................

نیامت جھونپڑی کے اندر بانو سے کچھ فاصلے پر ایک دوسری چارپائی پر لیٹی ہوئی ہے۔ اُس کی آنکھیں کھلی ہوئی ہیں اور وہ تصور میں کچھ دیکھتے ہوئے مسکرا رہی ہے۔ اُس کے کانوں میں کسی بچے کی آوازیں، کھلکھلاہٹیں گونج رہی ہیں۔

// Cut //



# منظر: 33

وقت : رات
جگہ : بگّو کی جھونپڑی
کردار : بگّو، نیامت، بانو

..............................

بانو اور نیامت چھپر کے نیچے بیٹھی چارپائی پر باتیں کر رہی ہیں۔

بانو: آج آکھری (آخری) رات ہے میری تیرے گھر میں

مسکراتے ہوئے — نیامت: لے......اب یہ صرپھ میرا گھر ہو گیا ہے؟

گہرا سانس لے کر — بانو: ہاں یہ بس تیرا ہی گھر تھا میں تو پتہ نہیں کس (سزا) سجا کو کاٹنے آئی یہاں پر

نیامت: اب تو ایسا نہ کہہ......اب تو جا رئی ہے یہاں سے

اطمینان سے — بانو: ہاں اب تو جا رئی ہوں یاں سے......رحیمو صبح آ کے مجھے یہاں سے لے جاوے گا۔

نیامت: 20 ہجار پورا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| | بانو: | پورا نہ ہوتا......تو میں اس وقت یہاں بیٹھی ہوتی ؟...... سڑکوں پر دربدر نہ پھر رئی ہوتی۔ |
| بگو گھر کے اندر داخل ہوتا ہے وہ بھی بڑا پرجوش اور خوش نظر آ رہا ہوتا ہے۔ بانو کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے | نیامت: | لے بگو بھی آ گیا |
| | بانو: | رحیمو کب آ را ہے پیسے لے کے؟ |
| | بانو: | رحیمو تو صبح آوے گا...... پر میرے کو 20 ہجار دے گیا ہے...... کہہ را تھا صبح آ کے میں کھود (خود) بگو کے حوالے کروں گا۔ |
| وہ کہتا ہوا چھپر کی سیڑھیوں میں بیٹھ جاتا ہے | بگو : | رے یہ تو تو نے بڑی اچھی کھبر (خبر) سنائی۔ |
| | نیامت: | اور تو نے اپنے 20 ہجار کا کیا کیا جو چھمکی کے لئے اکٹھا کر را تھا؟ |
| اپنے تھیلے کو تھپتھپاتا ہے | بگو: | 20 ہجار ہیں میرے پاس...... لے کر آیا ہوں......20 ہجار بانو دے گی اور کل چھمکی یہاں بیٹھی ہوگی۔ |
| | نیامت: | لا...... میں اندر رکھ آؤں |
| کھڑا ہوتے ہوئے | بگو : | نہ میں کھود (خود) رکھوں گا۔ تو آج مُرگی (مرغی) پکا...... بھنگ کوٹ...... میں لے کر آیا ہوں آج رات کھوشی (خوشی) منائیں گے۔ |
| کہتا ہوا جھونپڑی کے اندر جاتا ہے۔ بانو اور نیامت ہنسنے لگتی ہیں۔ | | |

// Cut //



## منظر: 34

وقت : رات

جگہ : بگو کا جھونپڑا

کردار : بگو، بانو، نیامت

..............................................

تینوں چھپر کے نیچے دسترخوان پر بیٹھے کھانا کھا رہے ہیں۔ باتیں کر رہے ہیں۔ قہقہے لگا رہے ہیں اور بھنگ پی رہے ہیں۔ بگو اپنی بندریا کو بھی روٹی کے ٹکڑے پھینک رہا ہے۔

// Cut //

# منظر :35

وقت : دن
جگہ : بکّو کی جھونپڑی
کردار : بکّو، بانو، نیامت، بچہ

..........

بانو چارپائی پر سو رہی ہے جب اچانک بکّو اُس کے بازو کو جھنجھوڑ کر اُسے اٹھاتا ہے

بکّو: بانو...... اے بانو...... اٹھ...... بانو......

بانو کسلمندانہ انداز میں آنکھوں کو ملتے ہوئے آنکھیں کھولتی ہے۔

بانو: صبح...... ہوگئی......

بکّو: دس بج رہے ہیں۔ لا مجھے دے 20 ہجار مجھے چھمکی کے ہاں جانا ہے۔

بانو سر پکڑے ہوئے اُٹھ کر کھڑی ہو جاتی ہے۔ لڑکھڑاتی ہے

بانو: پتہ نہیں سر کو کیا ہوا ہے۔

بکّو: بھنگ پی ہے اُس کا اثر ہے۔

بانو: کون سا پہلی بار پی



ہے پہلے بھی تو پیتی ہوں مگر آج کی طرح......

وہ جاتی ہوئی اپنے صندوق کو کھول کر کپڑے ادھر اُدھر کر کے روپے ڈھونڈنا شروع ہوتی ہے۔ روپے نہیں ملتے وہ کچھ پریشان سی ہو کر ہاتھ مارتے ہوئے کپڑے ادھر اُدھر کرتی ہے۔

بکّو: کیا ہوا؟

بانو: روپے مل نہیں رہے

بکّو: رحیمو دے کر بھی گیا تھا کہ نہیں۔

وہ اب پریشان سی صندوق کے سارے کپڑے نکال کر باہر اُچھال رہی ہے۔ صندوق خالی ہو جاتا ہے۔ بکّو آگے بڑھ کر صندوق میں جھانکتا ہے اور طیش میں آ جاتا ہے

بانو: دے کے گیا تھا...... دے کے کیوں نہ جاتا۔

بکّو: دیکھ بانو میرے ساتھ کوئی چلاکی مت کرنا...... آج مجھے 20 ہجار نہ ملے تو چھمکی کا سودا کھتم (ختم) ہو جائے گا اور اُس کے ساتھ تیرے یار کا بھی۔

روہانسی ہو جاتی ہے۔

بانو: میں سچ کہتی ہوں وہ 20 ہجار دے کے گیا تھا...... میں نے کھود (خود) ادھر

رکھے......اب پتہ نہیں کہاں ہیں

بکّو اپنے صندوق کی طرف جاتا ہے اور اُسے کھول کر اپنی رقم نکالنے لگتا ہے۔ بانو اب صندوق

بکّو: بانجھ عورت......تو اور تیرے مکر......دیکھ لوں گا میں تجھے بھی۔

سے باہر کھلے ہوئے کپڑوں میں اپنی رقم ڈھونڈھ رہی ہے۔ بکّو کو بھی اچانک پریشانی ہونے لگتی ہے۔ اُس کی رقم بھی غائب ہے۔ وہ بھی اپنے صندوق سے کپڑے اضطراب کے عالم میں باہر پھینکنے لگتا ہے۔ بانو چونک کر اُسے دیکھتی ہے۔

بانو: کیا ہوا؟

بکّو: میری رکم (رقم) بھی نہیں ہے

بانو بے اختیار اُس کے صندوق کے پاس چلی آتی ہے اور خود بھی کپڑے باہر پھینکتے ہوئے

بانو: بکّو......دھیان سے دیکھ......رکم کہاں جائے گی۔

رقم کو ڈھونڈنے لگتی ہے۔ صندوق خالی ہو جاتا ہے وہ دونوں سفید چہرے کے ساتھ ایک دوسرے کا منہ دیکھنے لگتے ہیں اور تبھی انہیں کمرے کے باہر ایک بچے کے کھکھلانے کی آوازیں سنائی دیتے ہیں۔

وہ دونوں سرپٹ بھاگتے ہوئے جھونپڑی کا دروازہ کھول کر باہر آتے ہیں۔ صحن میں نیامت رحیمو کا منا اُٹھائے کھڑی ہے۔ بکّو بلند آواز میں اُس سے کہتا ہے۔

بکّو: اندر میرا اور بانو کا پیسا نہیں ہے......کسی نے چوری کر لیا۔

اطمینان سے

نیامت: کسی نے چوری نہیں کیا میں نے لیا ہے۔

چونک کر

بانو: تو نے؟

نیامت: میں نے سودا کیا ہے۔



کھلے منہ کے ساتھ

بکّو: سودا؟

نیامت: رحیمو کو 40 ہجار دے کر یہ بچہ لے لیا ہے۔

چلاّ کر

بکّو: کیا؟

آرام سے

نیامت: رحیمو 40 ہجار میں چھمکی کو کھرید کے اُس کے ساتھ بستی چھوڑ کر چلا گیا۔

بانو بے اختیار سینے پر ہاتھ رکھ کر چیخ مارتی ہے۔ بکّو گالیاں بکتے ہوئے نیامت پر لپکتا ہے اور اُسے پیٹنا شروع ہو جاتا ہے۔ بانو بلند آواز میں چھپر میں کھڑی رو رہی ہے۔ بچہ نیامت کے ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر کر رونے لگتا ہے۔ نیامت بکّو سے آرام سے پٹتے ہوئے بانو سے کہتی ہے۔

بکّو: حرام جادی......کتیا......چنڈال......بدجات

نیامت: بچے کو تو اُٹھا لے رو رہا ہے......40 ہجار کھرچے (خرچے) ہیں......سودا کیا ہے آکھر (آخر) بچہ ہی تو چاہیے تھا ہم تینوں کو۔

بانو چھپر سے روتے ہوئے اُسے گالیاں دیتے ہوئے اُترتی

بانو: چڑیل، ڈائن، بڑھیا

# منظر:1

## (خواب کا منظر)

وقت : دن

جگہ : کچن

کردار : مسز نتاشہ

..............................

نتاشہ کچن میں انڈہ فرائی کرنے میں مصروف ہے۔ وہ دوپٹہ کندھے پر ڈال کر اُسے کمر کے گرد باندھے ہوئے ہے اور بے حد گھریلو حلیے میں نظر آ رہی ہے وہ انڈہ بناتے ہوئے آواز دیتی ہے۔

نتاشہ: جلدی کرو ڈیوڈ...... دیر ہو رہی ہے...... ابھی بریک فاسٹ کرنا ہے تمہیں...... جلدی آ جاؤ میں بس ٹیبل تیار کر رہی ہوں۔

وہ انڈہ پلیٹ میں ڈالتے ہوئے پلیٹ لے جا کر کچن میں موجود



چھوٹی ٹیبل پر رکھتی ہے جہاں ناشتہ کا دوسرا سامان بھی پڑا ہوا ہے۔ وہ ان چیزوں کو ارینج کرتے ہوئے پھر آواز لگاتی ہے

نتاشہ: اور پلیز لِلی کو بھی ساتھ ہی لے آنا...... تم ہوتے ہو تو بریک فاسٹ میں کچھ لے لیتی ہے ورنہ اسی طرح سکول چلی جائے گی...... میں اتنی دیر میں ٹونی کو دیکھ لوں......

بولتے ہوئے یک دم کچن سے باہر جاتی ہے

// Cut //

# منظر:2

## (خواب کا منظر)

وقت : دن

جگہ : بچوں کا کمرہ

کردار : نتاشہ

..................................

نتاشہ کمرے میں داخل ہوتی ہے، وہ اندر داخل ہوتے ہی ساتھ ساتھ باتیں بھی کر رہی ہے

وہ باتیں کرنے کے ساتھ ساتھ کارپٹ پر بکھرے کھلونے بھی بڑی برق رفتاری سے اکھٹے کرتی جا رہی ہے اور اس کی توجہ بھی بیڈ کی بجائے ان کھلونوں پر ہی ہے۔ وہ ان کھلونوں کو اٹھاتے ہوئے اُن

نتاشہ: Come on. Get up Tony. You are getting late. Your bus is going to be here any minute. I don't want it to be honking around.



کی جگہوں پر رکھتی جا رہی ہے۔ اور ساتھ کہہ رہی ہے۔ اب وہ بولتے ہوئے تیزی سے کھڑکیوں کی طرف جا رہی ہے اور پھر کھڑکیوں کے سامنے جا کر دونوں ہاتھوں سے کھڑکیوں کے پردے تیزی سے ہٹاتی ہے نیم تاریک کمرے میں یک دم تیز روشنی داخل ہوتی ہے۔

نتاشہ: Honey don't make me throw you out of your bed------ See lily is already up. Don't know what has happened to you.

// Cut //

# منظر:14

وقت : دن
جگہ : کوریڈور
کردار : نتاشہ، ڈیوڈ، سارہ

..........................

نتاشہ بچوں کو لائن میں کلاس سے باہر نکال رہی ہے۔
تبھی ڈیوڈ آگے آتا ہے اور سارہ بھاگ کر اس کی طرف جاتی ہے۔

سارہ: پاپا

ڈیوڈ مسکراتے ہوئے سارہ کو اٹھالیتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| گڈ آفٹر نون | نتاشہ: | نتاشہ آخری بچے کو باہر نکالتے ہوئے ڈیوڈ سے کہتی ہے۔ |
| گڈ آفٹر نون...... میں سارا دن آپ کی کال کا انتظار کرتا رہا۔ | ڈیوڈ: | |
| کیوں؟ | نتاشہ: | بے اختیار |
| میں نے سوچا سارہ آپ کو تنگ کر رہی | ڈیوڈ: | سارہ کا منہ چومتے ہوئے |



| | | |
|---|---|---|
| ہوگی۔ | | |
| ......نہیں......سارہ نے تنگ نہیں کیا۔ | نتاشہ: | یک دم سنبھلتے ہوئے |
| سارہ روئی بھی نہیں؟ | ڈیوڈ: | بے یقینی سے سارہ کو دیکھ کر |
| نہیں............ She is a good girl. | نتاشہ: | |
| Yes. She is ......کیوں سارہ آپ کو سکول اچھا لگا؟ | ڈیوڈ | سارہ سے |
| ہاں | سارہ: | |
| اور ٹیچر؟ | ڈیوڈ: | |
| وہ بھی۔ | سارہ: | |
| تو سارہ کل سکول آ رہی ہے نا؟ | نتاشہ: | سارہ مسکراتے سر ہلاتی ہے۔ |
| ............thank you | ڈیوڈ: | |
| You are welcome. | نتاشہ: | |
| آپ سارہ کو کل سے پراپر لنچ بنا کر دیا کریں...... اسے بسکٹس اور وہ چیزیں پسند نہیں ہیں جو آپ نے آج اسے دی ہیں۔ | | پھر یک دم موضوع بدل کر |

